فوری ریلیز کے لیے: 2023/23/3 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر ہوچل کی جانب سے خواتین، شیر خواروں اور بچوں کے لیے خوراک کے فوائد تک رسائی کو بہتر بنانے کی پہل کاری کا اعلان***

***لائیو آن لائن چیٹ فنکشن کے ذریعے جمع کیے گئے تاثرات، انٹرویوز اور سروے خواتین، شیرخوار اور بچے (WIC) پروگرام کے ساتھ نیویارک کے لوگوں کے تجربے کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کیے جائیں گے***

***گورنر صارف کے تجربے اور فوائد میں شرکت کو ریاست کی ترجیح بنانے کے لیے سالانہ ریاستی خطاب کی پہل کاریاں پیش کرتی ہیں؛ WIC فوائد کی فراہمی کو بہتر بناتی ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج صارفین کے تاثرات جاننے کی ایک نئی پہل کاری کا اعلان کیا ہے جس سے خواتین، شیر خواروں اور بچوں کے لیے اضافی غذائی پروگرام، جسے WIC کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، میں داخلے کے لیے نیو یارک کے باشندوں کو درپیش مشکلات کو سمجھنے میں بہتری آئے گی۔ گورنر Hochul کے سنہ 2023 کے سالانہ ریاستی خطاب کے ایک جزو کے طور پر اعلان کردہ، ریاست نیو یارک محکمۂ صحت ایک لائیو، آن لائن چیٹ پروگرام کو شروع کرنے کے لیے Code for America کے ساتھ شراکت کرے گا جس سے ایجنسی کو WIC پروگرام کو بہتر بنانے اور ریاست بھر میں اندراج کے لیے صارفین کے تاثرات جمع کرنے میں مدد ملے گی۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "مشکلات کے شکار خاندانوں کے لیے ایک اہم وسیلہ ہونے کے باوجود، WIC پروگرام کا استعمال نیو یارک کے تقریباً اتنے لوگ نہیں کرتے جو ان غذائی فوائد کے لیے اہل ہیں یا بہت سے ایسے خاندان جو پہلے ہی پروگرام میں اندراج کروا چکے ہیں۔ یہ پہل کاری بابوشاہی کی رکاوٹوں کو ختم کرنے، اندراج کے عمل کو آسان بنانے اور نئی ٹیکنالوجی کو لاگو کرنے کے طریقوں کی نشاندہی کرنے میں ہماری مدد کرے گی تاکہ مشکلات کے شکار خاندانوں کو صحت مند، غذائیت سے بھرپور خوراک تک بہتر رسائی حاصل ہو"۔

شروع میں، Code for America محکمۂ صحت کے خودکار چیٹ بوٹ کو تبدیل کرنے کے لیے لائیو آن لائن چیٹ فنکشن کے اطلاق میں مدد کرے گا جو ایجنسی کے WIC کے صفحے پر ظاہر ہوتا ہے، جو افراد کو لائیو بات چیت کے لیے WIC کے عملے سے منسلک کرے گا۔ براہِ راست بات چیت درخواست دہندگان کی اس عمل کے ذریعے رہنمائی کرنے اور ان کے فوائد کے استعمال میں اندراج کرنے کا ایک مؤثر طریقہ ہے، جبکہ رائے لینے کا ایک انمول ذریعہ بھی فراہم کرتی ہے جسے صارف کے انٹرویوز اور دیگر معیاری اور مقداری تحقیقی طریقوں کے ساتھ منسلک کیا جا سکتا ہے تاکہ WIC میں اندراج اور استعمال کی دشواریوں کو بہتر طور پر سمجھا جا سکے۔

منصوبے کے دوسرے مرحلے کے دوران، محکمۂ صحت Code for America کے ساتھ مل کر کام کرے گا تاکہ جمع کردہ تاثرات کی بنیاد پر WIC پروگرام میں بہتری لائی جا سکے۔ شراکت داری ایجنسی کو اس بات کا تعین کرنے کے قابل بنائے گی کہ اہل خاندانوں کو حصہ لینے اور پروگرام کا مکمل فائدہ اٹھانے سے کیا چیز روک رہی ہے، اور پھر ان معلومات کو WIC خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کرے گی۔

**قائم مقام ہیلتھ کمشنر ڈاکٹر James McDonald نے کہا،** "WIC پروگرام میں حصہ لینے والے خاندانوں سے آراء جمع کرکے، ہم صارفین کے تجربے کو بڑھا سکتے ہیں اور نیو یارک کے خاندانوں کے لیے بچوں کی صحت

مند نشوونما اور بڑھوتری کے لیے ضروری غذائیت سے بھرپور خوراک تک رسائی کو آسان بنا سکتے ہیں۔ لائیو چیٹ اور آراء جمع کرنے کے لیے دیگر تکنیکوں کی جانچ کرنے کے لیے Code for America کے ساتھ تعاون کرکے، ہم شرکت کو بڑھانے اور پروگرام کو ان لوگوں کے لیے زیادہ صارف دوست بنانے کے طریقے تلاش کر سکتے ہیں جو WIC پر انحصار کرتے ہیں"۔

WIC پروگرام ریاستوں کو اضافی خوراک، نگہداشتِ صحت کے ریفرل، اور کم آمدنی والی حاملہ، دودھ پلانے والی، اور دودھ نہ پلانے والی خواتین کے لیے غذائیت کی تعلیم کے لیے؛ اور 5 سال تک کی عمر کے شیرخواروں اور بچوں کو وفاقی فنڈ فراہم کرتا ہے جو غذائیت کے خطرے میں پائے جاتے ہیں۔ محکمۂ صحت Code for America کے سیفٹی نیٹ انوویشن لیب کے دوسرے گروپ میں حصہ لینے کے لیے منتخب کردہ چار ایجنسیوں میں شامل تھا، جن کا مقصد ریاست کے زیرِ انتظام عوامی فوائد کے پروگراموں کو مزید منصفانہ اور قابل رسائی بنانا ہے۔

قومی سطح پر، WIC کے اہل خاندانوں میں سے تقریباً نصف اس پروگرام میں حصہ لیتے ہیں اور جو لوگ پروگرام میں شامل ہیں وہ مستقل طور پر اپنے غذائی فوائد کو استعمال نہیں کرتے۔ اس سال امریکی محکمۂ زراعت کی غذا اور غذائی سروس کے مرتب کردہ اعداد و شمار سے پتہ چلا ہے کہ سنہ 2020 میں نیو یارک کے تقریباً 706,000 مکین WIC کے لیے اہل تھے، لیکن صرف 363,000 نے اس پروگرام میں حصہ لیا۔

غذائی عدم تحفظ کا تعلق بچوں میں صحت کے خراب نتائج کے ساتھ مستقل طور پر رہا ہے، جس میں صحت کی خراب صورتحال، صحت کے شدید اور دائمی مسائل، اور نگہداشتِ صحت تک محدود رسائی شامل ہے۔ WIC میں شرکت صحت کے دیگر مثبت نتائج کے علاوہ، صحت مند پیدائشوں، بہتر پیدائشی وزن، بچوں کی اموات کے خطرے میں کمی، بچوں کو دودھ پلانے کے بہتر طریقے، زیادہ غذائیت سے بھرپور غذا، بنیادی اور احتیاطی صحت کی دیکھ بھال تک بہتر رسائی، اور بچوں میں بہتر علمی نشوونما کے ساتھ منسلک ہے۔

Code for America کے ساتھ پہل کاری گورنر Hochul کے نیو یارک کے مکینوں کے لیے خدمات اور فوائد تک رسائی کے طریقے کو تبدیل کرکے حکومت کے کام کو بہتر بنانے کے منصوبوں کا حصہ ہے۔ اہم تکنیکی اضافے کا اب اطلاق کیا جا رہا ہے تاکہ بابوشاہی کی رکاوٹوں کو کم کیا جائے اور رسائی کو بہتر بنایا جائے؛ کال کے انتظار کے اوقات کو کم کیا جائے؛ ای دستخط ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے؛ رہائشیوں کے آن لائن ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ بات چیت کے طریقہ کار کو بہتر بنانے کے لیے 'ایک ID' شروع کی جائے؛ اور صارف کے تجربے کو بہتر بنانے کے لیے ریاستی ایجنسی کی ویب سائٹس اور ایپلیکیشنز کو جدید بنایا جائے۔

**Code for America کی چیف ایگزیکٹیو آفیسر Amanda Renteria نے کہا،** " Code for America حکومتی شراکت داروں اور سماجی تنظیموں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کام کرتا ہے جس کا مقصد انسان کو مرکز میں رکھ کے حفاظتی جال بنانا ہے۔ سیفٹی نیٹ انوویشن لیب کے ذریعے، ریاستی حکومتیں نظام کی تبدیلی کی طرف بڑے قدم اٹھا رہی ہیں کہ لوگ کس طرح کھانے کی امداد، صحت کی دیکھ بھال اور دیگر بنیادی ضروریات جیسے فوائد حاصل کرتے ہیں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418